سوال

(1042) نمازِ جمعہ کی سنتیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز جمعہ کی سنتوں کے بارے میں معلوم کرنا ہے کہ کل کتنی ہیں؟ فرض سے قبل کتنی اور بعد میں کتنی؟ اس میں سنت مؤکدہ اور غیر مؤکدہ کون سی ہیں؟ براہِ کرام بحوالہ حدیث رکعتوں کا شمار اور تاکید اور غیر تاکید کی پوری تحقیق کے ساتھ وضاحت فرما کر عنداللہ ماجور اور عندالناس مشکور ہوں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شرعی اصطلاح میں فرضوں کے علاوہ سب نوافل ہیں۔ مؤکدہ غیر مؤکدہ فقہائے کرام کی اصطلاح ہے۔ نمازِ جمعہ سے قبل نوافل کی کوئی تعداد مقرر نہیں۔ جتنے ممکن ہو پڑھے جاسکتے ہیں۔

حدیث میں ہے: ''ثُمَّ یُصَلِّی مَا کُتِبَ لَہٗ'' (صحیح البخاری، بَابُ الدُّہنِ لِلجُمُعَۃِ، رقم:۸۸۳)

اور صحیح مسلم میں ہے ''فَصَلّٰی مَا قدر لہ'' اور نمازِ جمعہ کے بعد چار رکعات ہیں۔''

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! ''القول المقبول'' (ص:٦٢٥)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی]

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 830

محدث فتویٰ